ShaneNabi.In
Best Sunni Islamic Website
(بہترین سنی اسلامی ویب سائٹ)

# لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری

## (اردو نظم لیرکس)

لکھا ہے: علامہ اقبال

سوشل نیٹ ورک پر ہمیں فالو کریں
https://youtube.com/@shanenabi
https://www.facebook.com/shanenabi.in
https://www.instagram.com/shanenabi.in
https://twitter.com/ShaneNabi_In
مزید اشعار اور اسلامی کونٹینٹ کے لیے https://shanenabi.in پر وزٹ کریں۔
یہ لیرکس https://shanenabi.in ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ/ پرنٹ کی گئی ہیں۔
مدد/درخواست کے لیے support@shanenabi.in پر ہم سے رابطہ کریں۔

لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری

دُور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے

ہو میرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یا رب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا رب

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

مرے اللہ! برائی سے بچانا مُجھ کو
نیک جو راہ ہو اسی رہ پہ چلانا مجھ کو

© ShaneNabi.In